صدائے محراب

مجلسِ احرار اسلام اور تحریک ختم نبوت کے پُرجوش مقررین میں حضرت مولانا تاج محمود رحمہ اللہ تعالیٰ کو یہ امتیازی حیثیت حاصل تھی کہ وہ اپنی بھرپور شعلہ نوائی کے ذریعہ سامعین کے جذبات سے کھیلنے کے ساتھ ساتھ ان کے ذہن و دماغ کو بھی گرفت میں رکھتے تھے۔ مولانا مرحوم کے فرزند و جانشین صاحبزادہ طارق محمود نے اس روایت کو قائم رکھنے کی کافی حد تک کامیاب کوشش کی ہے۔ زیر نظر کتاب صاحبزادہ صاحب موصوف کے سال بھر خطبات جمعہ کا مجموعہ ہے جو ان کے ذوق مطالعہ اور حسنِ ترتیب کا غماز ہے۔ ان خطبات میں مواد بھی ہے اور بیان کا سلیقہ بھی جو بلاشبہ نوخیز خطباء کے لیے گراں قدر تحفہ ہے۔

چھ سو صفحات پر مشتمل اس مجموعہ خطبات کی قیمت ڈیڑھ سو روپے ہے اور اسے مکتبہ لولاک جامع مسجد محمود ریلوے کالونی فیصل آباد سے حاصل کیا جا سکتا ہے۔

تذکرۂ سیدنا معاویہؓ

محترم جناب قاری قیام الدین الحسینی نے امیر المومنین حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے حالات زندگی اور ان کے بارے میں اہل سنت کے مسلمہ عقیدہ و نظریہ کو اس کتاب میں مدلل طور پر بیان کیا ہے۔ کتابت و طباعت عمدہ، خوبصورت جلد، صفحات ۲۴۰ قیمت ۵/۷ روپے اور ملنے کا پتہ ہے ادارہ اسلامیات پنڈدادنخان ضلع جہلم۔

میری علمی اور مطالعاتی زندگی

دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک کے مہتمم مولانا سمیع الحق نے کچھ عرصہ قبل اپنے دور کے نامور اہل علم سے ان کی علمی و مطالعاتی زندگی اور تجربات کے بارے میں ایک سوالنامہ کی صورت میں استفسار کیا تھا۔ زیر نظر کتاب اس سوالنامہ کے جوابات پر مشتمل ہے جن میں ممتاز علماء اور دانشوروں نے اپنے علمی و مطالعاتی تجربات و مشاہدات بیان کیے ہیں۔ دارالعلوم حقانیہ کے فاضل استاذ مولانا عبد القیوم حقانی نے یہ مجموعہ مرتب کر دیا ہے۔ تین سو ساٹھ صفحات کی یہ کتاب مؤتمر المصنفین دارالعلوم حقانیہ، اکوڑہ خٹک ضلع پشاور سے حاصل کی جا سکتی ہے۔ قیمت درج نہیں ہے۔